A Project Of Tauheed o Sunnat.

Our URL Web Address is www.tauheed-sunnat.com

If the writing is too small go Tool > Then Zoom >Then Zoom In Or View > Then Zoom To > Then Increase Magnification



قائم ہوں گے۔"

۲۰۔ اہلِ حق اور علماءِ سوء کے درمیان حدِ فاصل

"عن انس رضی اللہ عنہ ـ رفعہ ـ العلماء امناء الرسل علی عباد اللہ ما لم یخالطوا السلطان و یدخلوا الدنیا فاذا خالطوا السلطان و داخلوا الدنیا فقد خانوا الرسل فاحذروھم و اعتزلوھم (و فی روایۃ واجتنبوھم)۔"
(الحسن بن سفیان، عق، ک فی تاریخہ، و القاضی ابو الحسن عبد الجبار بن احمد الاستر آبادی فی امالیہ، و ابو نعیم و الدیلمی و الرافعی)۔ (عن انسؓ، کنز العمال ص ۲۰۴ ج ۱۰)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: علماء کرام، اللہ کے بندوں پر رسولوں کے امین (اور حفاظتِ دین کے ذمہ دار) ہیں، بشرطیکہ وہ اقتدار سے گھل مل نہ جائیں اور (دینی تقاضوں کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے) دنیا میں نہ گھس پڑیں، لیکن جب وہ حکمرانوں سے شیر و شکر ہوگئے اور دنیا میں گھس گئے تو انہوں نے رسولوں سے خیانت کی۔ پھر ان سے بچو اور ان سے الگ رہو۔"